# چیدہ چیدہ شرائط،ضوابط برائے ٹھیکہ میلہ مویشاں چارباغ (تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارباغ سوات) برائے عرصہ ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 تک۔

1) ٹھیکہ کی معیاد برائے عرصہ **ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027** تک ہو گی۔

2) بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند ٹھیکہ دار مبلغ -/36000 روپے بصورت بنک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات پیشکش / بولی دینے سے پہلے جمع کریگا جو کہ ناکام بولی دہندہ کو بعد اختتام بولی واپس کیا جائیگا۔ بولی میں حصہ لینے والا رجسٹرڈ ٹھیکہ دار ان لائن (E-Auction / E-Baldia) کے زریعے اپنا پیشکش اشتہار مقررہ تاریخ،وقت تک دے سکتا ہے مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد پیشکش وصول نہیں کیجائیگی۔

3) ان لائن بولی دینے والے فرد لوکل کونسل بورڈ کے ویب سائڈ پر کال ڈیپازٹ اور دیگر تفصیلات درج کریگا۔ کال ڈیپازٹ غلط، جعلی یا غلط تفصیلات کی صورت میں ٹھیکدار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

4) نیلامی کی اختتام پر کامیاب بولی دہندہ کو عارضی ایوارڈ یافتہ سمجھا جائے گا۔ اور سات دن میں کارروائی مکمل کر کے معاہدہ عمل میں لایا جائیگا۔ سب سے زیادہ بولی لگانے والا ٪15 فیصد ایڈوانس اور ٪5 فیصد سیکورٹی تین (3) دنوں کے اندر جمع کریگا۔

5) کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی منظوری کے (07) سات یوم کے اندر اندر اپنے خرچے پر ٹی ایم اے چارباغ سوات کے ساتھ اقرار نامہ (Agreement) تحریر کرے گا. ٹھیکہ دار ٹھیکہ کے برابر رقم کے جائیداد رکھنے والے دو (2) عدد معزز افراد کی تحریری گارنٹی پیش کرے گا جو مجسٹریٹ فرسٹ کلاس سے تصدیق شدہ ہو۔ اگر ٹھیکدار نے سات یوم کے اندر اندر ٹی ایم اے چارباغ سوات کے ساتھ معاہدہ نامہ (Agreement) تحریر نہ کیا یا زرِ ضمانت، زرِ پیشگی جمع نہ کی تو ٹھیکہ مذکورہ منسوخ تصور ہو گا اور کال ڈیپازٹ بحق ٹی ایم اے چارباغ ضبط کر کے پالیسی کی شق نمبر 11 کی تحت دوسرے سب سے زیادہ بولی دینے والے کو سب سے زیادہ موصول شدہ بولی کی حساب سے پیشکش کیا جائیگا۔

6) ٹھیکدار کل زر ٹھیکہ (11) گیارہ مساوی اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہو گا۔ اسی طرح ٹھیکدار ہر ماہوار قسط ہر مہینے کی 5 تاریخ تک جمع کرنے کا پابند ہو گا۔ 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کرنے کی صورت میں ٹھیکدار پر 2 فیصد یومیہ کے حساب سے جرمانہ عائد ہو گا اگر مہینے کی 15 تاریخ تک ٹھیکہ دار نے قسط بمعہ جرمانہ ادا نہیں کیا تو ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔ ٹھیکہ دار کے ٪5 فیصد زرِ پیشگی بحق ٹی ایم اے چارباغ ضبط کی جائیگی اور ٹھیکہ میں کوئی نقصان ہوا تو ٹھیکہ دار کے ذات و جائیداد سے وصول کیا جائے گا جس پر ٹھیکہ دار کو کوئی اعتراض نہ ہو گا اور نہ ہی عدالت سے رجوع کریں گا اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

7) ٹھیکدار کو اس وقت تک ٹھیکہ کا باقاعدہ چارج نہیں دیا جائیگا۔ جب تک وہ معاہدہ نامہ پر دستخط نہ کرے بصورت دیگر زر بیعانہ اور جملہ جمع کردہ رقومات بحق ٹی ایم اے ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔ ٹھیکہ کے منسوخی کیصورت میں ٹھیکدار / کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کا کلیم،اعتراض نہیں کریگا۔

8) ٹھیکدار ہر ماہوار قسط بصورت کال ڈیپازٹ / بنک ڈرافٹ داخل کریگا۔ چیک نا قابل قبول ہو گا۔

9) وہ حضرات جن کے زمہ حکومت / صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) کے بقایاجات ہو یا حکومت نے بلیک لسٹ قرار دیا ہو وہ،ان کا نمائندہ، رشتہ دار بولی میں حصہ نہیں لے سکتے۔

10) ٹھیکہ دار ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کے نام (assign or transfer, sublet) منتقل نہیں کریں گا۔ ایسا کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور ٹھیکہ دار کی Risk & Cost پر دوبارہ نیلامی کے لئے پیش کیا جائے گا۔

11) ٹھیکدار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات کو دو معزز، معتبر، صاحب جائیداد، مقامی اشخاص کی ضمانت دے گا اور جائیداد کی ملکیتی ثبوت فراہم کریگا جن کی جائیداد کی مالیت ٹھیکہ کی رقم کی برابر ہو جو کہ باقاعدہ فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو۔ ٹھیکدار کے ناکامی کی صورت میں ضامنان سے وصولی کی جائیگی۔

12) کسی بھی حالات یا ٹھیکہ میں نقصان کی صورت میں ٹھیکدار کسی قسم کی رعایت کا مستحق نہ ہو گا اگر ٹھیکدار کسی بھی وجہ سے نقصان اٹھائے تو اس صورت میں ٹی ایم اے چارباغ سوات زمہ دار نہ ہو گی

13) ۔ تحصیل میونسپل آفیسر، تحصیل آفیسر ریگولیشن اور دیگر مجاز آفسران ٹھیکدار کے حسابات کی جانچ پڑتال کر سکتے ہیں۔

14) ٹھیکدار حکومت کے وضع کردہ پالیسی کے تحت انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہو گا جو کہ حکومت اور صوبائی حکومت کی طرف عائد ہوا ہو ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

15) حکومت / صوبائی حکومت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات جب چاہے ٹھیکہ واپس لے سکتا ہے۔

16) اگر دوران ٹھیکہ، ٹھیکدار اور ٹی ایم اے چارباغ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے تو معاملہ ثالثی ایکٹ 1940 کے تحت ریجنل میونسپل آفیسر ملاکنڈ ڈویژن کو پیش کیا جائے گا۔ جس کا فیصلہ حتمی ہو گا۔ بدوران تنازعہ اقساط کی ادائیگی بروقت کی جائیگی۔ ٹھیکہ دار عدالت سے رجوع نہیں کرے گا۔ اگر ٹھیکدار اور فیس دہندہ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے۔ تو ایسی صورت میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

17) مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہے کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کوئی بولی مسترد کر دے۔

18) ٹھیکیدار کو قدرتی آفات، ہڑتال، بحران اور حتجاج کی صورت میں کسی قسم کی معافی نہیں دی جائی گی یا کسی اور وجہ ٹھیکیدار کو نقصان ہوا تو محکمہ ہذا سے کسی قسم کا معاوضہ طلب نہیں کرے گا۔

19) وہ حضرات جنہوں نے **سال 26-2027** کیلئے رجسٹریشن کرایاہو۔ بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

20) ٹھیکیدار ریکوری کرنے کا خود ذمہ دار ہو گا. تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارباغ کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا. ٹھیکیدار یا اس کا نمائندہ مقررہ شدہ شیڈول سے زیادہ فیس وصول نہیں کرے گا۔ زیادہ وصولی کیصورت میں ٹھیکدار سے گیارہ (11) گناہ بطور جرمانہ وصول کیاجائیگا۔ اگر ٹھیکدار بار بار زیادہ وصولی کرتاہوا پایا گیا تو مجاز اتھارٹی کے منظوری سے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

21) ٹھیکدار حکومت / صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ ) سوات کے طرف سے ٹھیکہ کی متعلق جاری ہونے والے تمام ہدایت واحکامات کا پابند ہو گا۔

22) میلہ مویشی چارباغ کا شرح درجہ زیل ہے

- داخلہ فیس چھوٹا جانور 100 روپے.
- داخلہ فیس بڑاجانور 200 روپے.
- فروختگی (5٪) پانچ فیصد ہو گی.

23) **ٹھیکدار میلہ مویشیاں کے لیے اراضی/ جگہ کا بندوبست خود کرے گا، نیز میلہ مویشیاں کی صفائی کا بندوبست بھی خود کرے گا۔ صفائی نہ رکھنے کی صورت میں معقول جرمانہ کیا جائے گا۔**

24) ٹھیکہ کے اختتام کے وقت میلہ مویشاں صیح حالت میں حوالہ کریگا دوران ٹھیکہ کسی قسم کی خرابی کیصورت میں ٹھیکدار اپنے خرچ پر مرمت کریگا۔

25) ٹھیکدار کو حدودات میلہ مویشاں میں کسی قسم کی غیر قانونی، غیر اخلاقی کاروبار چلانے کی ہر گز اجازت نہیں ہو گی۔ ٹھیکدار حدودات میلہ مویشاں میں سیکورٹی کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کرنے کا پابند ہو گا۔

26) ٹھیکہ دار باقاعدہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات کو اپنے زاتی ملازمین کی جملہ کوائف فراہم کریگا اور زاتی ملازمین کے جملہ اخراجات بذمہ ٹھیکدار پر ہو گی۔

27) اگر بدوران ٹھیکہ کی متعلق کسی عدالت میں کیس زیر سماعت ہو یا دائر کیا جائے اس دوران ٹھیکدار کسی قسم کا کلیم کا حقدار نہ ہو گا اور عدالت جو فیصلہ کریگا ٹھیکدار اس کا پابند ہو گا۔ ٹھیکہ کے متعلق جملہ عدالتی / قانونی چارہ جوئی کی اخراجات ٹھیکدار پر ہو گی۔

28) ٹھیکدار، بجلی، پانی، ٹیلی فون بلز، واٹر فیس اور دیگر اخراجات کا زمہ دار ہو گا۔

29) ٹھیکدار صوبائی حکومت کی طرف سے جاری شدہ پالیسی گائیڈ لائن / شرائط، ضوابط بروئے چھٹی نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 بمورخہ 07/05/2026 کا پابند ہو گا۔

30) درجہ بالا شرائط میں کسی بھی شرط کے خلاف ورزی کیصورت میں ٹھیکدار کے ایڈوانس اور سیکورٹی بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کیاجائیگا اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا یا ٹھیکہ کی وصولی محکمانہ ہو گی دونوں صورتوں میں ٹھیکہ کی رقم میں جو بھی کمی اجائے وہ پہلے ٹھیکدار کے منقولہ، غیر منقولہ جائیداد سے پوری کیجائیگی اور ٹھیکدار کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حقدار نہ ہو گا۔

| | |
|---|---|
| -Sd- | -Sd- |
| **تحصیل آفیسر ریگولیشن** | **تحصیل میونسپل آفیسر** |
| ٹی ایم اے (چارباغ) سوات | ٹی ایم اے (چارباغ) سوات |